813-عقد نکاح کی شروط

سوال

جب عقد نکاح امام مسجد یا کسی اور دینی شخصیت یا نکاح رجسٹرار کی موجودگی کے بغیر ہوا ہو تو ایسی شادی کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

جب عورت کا ولی مثلا یہ کہے کہ میں نے اپنی بیٹی کی شادی تیرے ساتھ کردی اور خاوند کی جانب سے قبول یا پھر رضامندی کا اظہار ہوا ہو اور اس میں دو گواہ بھی موجود ہوں ، اور عورت بھی نکاح کے لیے حلال ہو (یعنی کوئی ایسا مانع نہ پایا جائے جس کی وجہ سے نکاح حرام ہو) تو ایسا نکاح شرعی طور پر صحیح ہے ۔

چاہے یہ نکاح شرعی عدالت میں نہ بھی ہوا ہو اور نہ ہی اس نکاح میں قاضی یا امام مسجد یا نکاح رجسٹرار شریک ہوا ہو تو یہ نکاح صحیح ہوگا ۔

واللہ اعلم .